
گیلپ & گیلانی پاکستان رائے عامہ سروے 17 اپریل 2025

## 78% پاکستانی اور 75% عالمی جوابدہندگان اپنی صحت کو مجموعی طور پر اچھا سمجھتے ہیں ۔






برائے مہر بانی بتائیں کہ آپ اپنی صحت کو مجموعی طور پر کیسا سمجھتے ہیں ؟

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## صحت کی دیکھ بھال

عمومی صحت اور صحت کی دیکھ بھال

## 78% پاکستانی اور 75% عالمی جوابدہندگان اپنی صحت کو مجموعی طور پر اچھا سمجھتے ہیں۔

**(گیلپ پاکستان اور ون ورلڈ سروے کی رپورٹ جاری)**


(اسلام آباد)، 17 اپریل 2025

پاکستان میں گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے (اور اسی طرح کا سروے جو دی ورلڈ وائڈ انڈیپینڈنٹ نیٹ ورک آف مارکیٹ ریسرچ (WIN) کی جانب سے دنیا بھر میں منعقد کیا گیا) کے مطابق، 78% پاکستانی اور 75% عالمی جوابدہندگان اپنی صحت کو مجموعی طور پر اچھا سمجھتے ہیں۔

یہ نتائج دی ورلڈ وائڈ انڈیپینڈنٹ نیٹ ورک آف مارکیٹ ریسرچ (WIN) جو کہ دنیا بھر میں ہر براعظم میں مارکیٹ کے حوالے سے ریسرچ اور رائے عامہ سروے منعقد کرنے والا ایک عالمی ادارہ ہے کے حالیہ بین الاقوامی سروے جسے دنیا بھر میں منعقد کیا تھا میں سے سامنے آئے ہیں۔ ون انٹر نیشنل نے سالانہ ون ورلڈ سروے (WWS-2025) شائع کیا ہے، اس سروے میں دنیا بھر کے 39 ممالک کے باشندوں نے شرکت کی، جس میں 34,946 افراد کی رائے اور عقائد کا تحقیقی جائزہ لیا گیا ہے۔ صحت کے عالمی دن کے موقع پر WIN نے صحت کے حوالے سے ذاتی تصورات، اس سے متعلق عادات اور صحت مند زندگی کی خصوصیات کو سمجھنے کیلئے سروے کے تازہ ترین نتائج جاری کیے ہیں۔ پاکستان میں فیلڈ ورک کا انعقاد 6 دسمبر 2024 سے 2 جنوری 2025 کے درمیان ہوا اور یہ سروے 1000 افراد سے لیا گیا۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ اپنی صحت کو مجموعی طور پر کیسا سمجھتے ہیں؟"**۔ پاکستان میں اس سوال کے جواب میں، 16% جوابدہندگان کے مطابق اُن کی صحت مجموعی طور پر بہت اچھی (بہت زیادہ صحت مند) ہے، 62% جوابدہندگان کے مطابق اُن کی صحت مجموعی طور پر اچھی (صحت مند) ہے، 18% جوابدہندگان کے مطابق اُن کی صحت مجموعی طور پر خراب (بیمار) ہے، جبکہ 5% جوابدہندگان کے مطابق اُن کی صحت مجموعی طور پر بہت خراب (بہت زیادہ بیمار) ہے۔

**" برائے مہربانی بتائیں کہ آپ اپنی صحت کو مجموعی طور پر کیسا سمجھتے ہیں؟"**





*Source: Gallup Pakistan & WIN World Survey 2025*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹر نیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1000 مرد و خواتین سے 6 دسمبر 2024 تا 2 جنوری 2025 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**عالمی موازنہ (ریجن کے اعتبار سے)**: اے پیک (APAC) ریجن کے ممالک اپنی صحت کے حوالے سے سب سے زیادہ مثبت رائے رکھتے ہیں، جس کی شرح 83% دیکھنے میں آئی۔ اس کے بعد اس حوالے سے زیادہ شرح مینا (MENA) ریجن میں 75% اور امریکن ریجن میں 73% دیکھنے میں آئی۔


### عالمی موازنہ (ریجن کے اعتبار سے)




*Source: Gallup Pakistan & WIN World Survey 2025*
(*www.gallup-international.com*; *www.gallup.com.pk*, *www.gilanifoundation.com*)

**عمر کے اعتبار سے**: دنیا بھر میں، عمر کے ساتھ صحت کے حوالے سے مثبت رائے رکھنے والوں کی شرح میں کمی دیکھنے میں آئی۔


### عمر کے اعتبار سے نتائج




*Source: Gallup Pakistan & WIN World Survey 2025*
(*www.gallup-international.com*; *www.gallup.com.pk*, *www.gilanifoundation.com*)

**ممالک کے اعتبار سے**: سروے میں شامل دنیا بھر کے 39 ممالک میں سے، جن ممالک کے افراد خود کو صحت مند سمجھتے ہیں اُن ممالک میں انڈونیشیا 97% شرح کے ساتھ سرفہرست رہا، اس کے بعد اس حوالے سے زیادہ شرح ویتنام (92%) اور بھارت (91%) میں دیکھنے میں آئی، اس کے برعکس، Slovakia میں رہنے والے افراد اپنی صحت کے حوالے سے سب سے زیادہ مایوس کن رائے رکھتے ہیں، جس میں صرف 56% شرح خود کو صحت مند سمجھتی ہے۔

**ممالک کے اعتبار سے**




نوٹ: معلوم نہیں/جواب نہیں دیا کے اعداد وشمار کو اس میں شامل نہیں کیا گیا

*Source: Gallup Pakistan & WIN World Survey 2025*
(*www.gallup-international.com*; *www.gallup.com.pk*, *www.gilanifoundation.com*)

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 17th April 2025**

*(4 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:** Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)